NØDVARSEL

موبائل فون پر ایمرجنسی الرٹ (انتباہ)

الرٹ کا پیغام پڑھیں۔ ہدایات پر عمل کریں۔

سنگین واقعات اچانک پیش آ سکتے ہیں۔ تب آپ کو جلد یہ معلومات ملنا اہم ہوتا ہے کہ کیا ہو رہا ہے اور آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ اب ہم ایمرجنسی الرٹ کا نظام شروع کر رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کے علاقے میں زندگی اور صحت کے لیے ہنگامی خطرے والی کوئی سنگین صورتحال پیدا ہو جائے تو آپ کو آپ کے موبائل فون پر الرٹ کے ساتھ اہم معلومات مل سکتی ہیں۔

ایمرجنسی الرٹ ایک مختصر ٹیکسٹ میسیج ہوتا ہے جس میں لکھا ہوتا ہے کہ کیا ہو رہا ہے اور آپ کو کیا کرنا چاہیے۔ آپ کی توجہ حاصل کرنے کے لیے آپ کا فون وائبریٹ کرے گا اور اونچی، سائرن جیسی آواز دے گا۔ جب آپ کو ایمرجنسی الرٹ ملے تو یہ الرٹ پڑھیں اور ہدایات پر عمل کریں۔

حکام کی طرف سے سروس

ایمرجنسی الرٹ نارویجن حکام کی طرف سے پیش کی جانے والی سروس ہے اور پولیس یا سول ڈیفینس کے محکمے الرٹس بھیج سکتے ہیں۔

کئی دوسرے یورپی ممالک اپنے لوگوں کو سیلابوں، دہشت گرد حملوں اور کیمیائی اخراجات جیسے سنگین خطرات سے متنبّہ کرنے کے لیے اس ٹیکنالوجی کے استعمال سے اچھے تجربات رکھتے ہیں۔ موبائل فون پر ایمرجنسی الرٹ سے ناروے میں بھی زندگیاں اور صحت محفوظ رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

ایمرجنسی الرٹ ان دوسرے ذرائع کے ساتھ ساتھ ایک اضافی پیشکش ہے جنہیں عوام کو متنبّہ کرنے کے لیے پہلے ہی استعمال کیا جا رہا ہے۔ ناروے میں لمبے عرصے سے عوام کو سائرنوں کے ذریعے متنبّہ کرنے کا نظام موجود ہے یعنی اونچی آواز والے سائرنوں سے لوگوں کو پتہ چلتا ہے کہ انہیں معلومات حاصل کرنی چاہیئں۔ کسی سنگین واقعے کے دوران کئی ذرائع سے اہم معلومات دی جاتی ہیں جیسے ریڈیو، ٹی وی، آن لائن اخبارات، سرکاری ویب سائیٹس اور سوشل میڈیا پر۔

جس طرح سائرنوں کی ٹیسٹنگ ہر چھ ماہ بعد ہوتی ہے، موبائل فون پر ایمرجنسی الرٹس کی بھی وقتاً فوقتاً ٹیسٹنگ کی جائے گی۔

ایمرجنسی الرٹ کا نظام

موبائل فون نیٹ ورک کے ذریعے چند سیکنڈوں ہی میں ان تمام موبائل فونز کو ایمرجنسی الرٹ بھیجا جاتا ہے جو ایسے پیغامات وصول کر سکتے ہیں۔ آپ کے فون میں زبان کی سیٹنگز کے لحاظ سے الرٹ کا پیغام نارویجن یا انگلش زبان میں ہو گا۔ اگر آپ کے فون میں ٹیکسٹ ٹو سپیچ کی سہولت ہو تو آپ الرٹ کا آڈیو بھی سن سکتے ہیں۔

ایمرجنسی الرٹ کا نظام آپ کے فون نمبر کو استعمال نہیں کرتا اور نہ ہی آپ یا آپ کے فون کے متعلق دوسری تفصیلات کو استعمال کرتا ہے۔ آپ کو ایمرجنسی الرٹ وصول کرنے کی غرض سے کہیں رجسٹر کرنے یا کوئی ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اور یہ بالکل مفت ہے۔ بس آپ کو یہ خیال رکھنا ہو گا کہ آپ کے فون میں ہمیشہ جدید ترین سافٹ ویئر ہونا چاہیے۔

emergencyalert.no پر مزید تفصیل پڑھیں۔

POLITIET

dsb Direktoratet for samfunnssikkerhet og beredskap

SIVILFORSVARET